فوری ریلیز کے لیے: 25/10/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا 250$ ملین کے COVID-19 مالی لاگتوں کے ٹیکس کریڈٹ پروگرام کے لیے درخواست دینے کی مدت کا اعلان***

***100 یا اس سے کم ملازمین والے چھوٹے کاروبار COVID-19 کی حفاظت کو بڑھانے کے لیے ہونے والے اخراجات کے لیے ٹیکس کریڈٹ وصول کر سکتے ہیں***

***جانچ پڑتال کرنے کا ٹول یہاں دستیاب ہے۔***

گورنر Kathy Hochul نے اعلان کیا کہ اب اُن چھوٹے کاروباری اداروں سے درخواستیں قبول کی جا رہی ہیں جنہوں نے COVID-19 مالی لاگتوں کے ٹیکس کریڈٹ پروگرام کے لیے تصدیق شدہ ہونے کے لیے چھان بین سے پہلے کا عمل کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا ہے، جو ان کمپنیوں کی مدد کرتا ہے جنہوں نے ہنگامی احکامات اور ضوابط کی تعمیل یا COVID-19 کے جواب میں تحفظِ عامہ میں اضافہ کرنے کے لیے سرمایہ کاری کی ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "جب عالمی وباء نے ریاست نیو یارک کے بیشتر چھوٹے کاروباروں کی نفع نقصان کی آخری لکیر کو تباہ کر دیا، میں نے روزِ اول سے ہی ان کی مدد کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ یہ ٹیکس کریڈٹ نیو یارک کے چھوٹے کاروباری اداروں - ہماری ریاست کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی - کے لیے ایک اہم خطِ حیات ہو گا اور میں ان تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی ہوں جو اس انتہائی ضروری امداد کے لیے درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں"۔

چھوٹے کاروباری اداروں کے لیے ریاستی امداد کو بڑھانے کے لیے گورنر Hochul کے پہلے ایگزیکٹو بجٹ کے جزو کے طور پر اعلان کردہ، اور بعد ازاں مالی سال 23 کے نافذ کردہ بجٹ میں شامل کردہ، اس نئے قابلِ واپسی ٹیکس ریلیف پروگرام کا ہدف سنہ 2021 اور 2022 کے دوران متعدی مرض کے خاتمے کے لیے COVID-19 سے متعلقہ اخراجات ہیں۔ COVID-19 سے متعلقہ اہل اخراجات میں شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں ہیں:

- COVID-19 کی جراثیم کشی یا اس کے پھیلاؤ سے حفاظت کے لیے سامان
- سماجی فاصلے کو برقرار رکھنے کے لیے جگہ کی توسیع یا وضاحت سے وابستہ اخراجات
- HVAC کا سامان
- بیرونی سرگرمیوں میں اضافے اور بیرونی جگہ کی توسیع سے متعلق اخراجات
- بنا چھوئے فروخت کی سہولت کے لیے مشینری اور سامان

ٹیکس کریڈٹس 50 فیصد اہل اخراجات کا احاطہ کریں گے، 50,000$ تک، زیادہ سے زیادہ 25,000$ کے ٹیکس کریڈٹ ایوارڈ کے لیے، اور کریڈٹس پہلے آئیے پہلے پائیں کی بنیاد پر دیئے جائیں گے جب تک کہ پروگرام کے فنڈز ختم نہ ہو جائیں۔ اہل کاروباری اداروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ ریاست نیو یارک میں کسی مقام سے چلائے جاتے ہوں، ان کے 100 یا اس سے کم ملازمین ہوں، سنہ 2021 کے ٹیکس سال میں 2.5$ ملین یا اس سے کم کی مجموعی رسیدیں، اور یکم جنوری 2021 اور 31 دسمبر 2022 کے درمیان کم از کم 2,000$ کے اہل اخراجات ہوں۔

درخواستیں 31 مارچ 2023 تک قبول کی جائیں گی۔ اپنی سنہ 2022 کی ٹیکس ریٹرن کے لیے ٹیکس کریڈٹ کا دعوی کرنے کے لیے، کاروباری اداروں کو 31 دسمبر 2022 کو یا اس سے پہلے ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) سے ٹیکس کریڈٹ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے جلد ہی درخواست دینی ہو گی۔ یکم جنوری 2023 کو یا اس کے بعد جاری کردہ ٹیکس کریڈٹس کا دعویٰ کاروبار کی سنہ 2023 کی ٹیکس ریٹرن پر کیا جا سکتا ہے۔ اہلیت اور اہل اخراجات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، www.esd.ny.gov/covid-19-capital-costs-tax-credit ملاحظہ کریں۔ ESD نے کاروباری اداروں درخواستوں کی جانچ پڑتال، اخراجات کی توثیق اور پروگرام کے لیے FORWARD پلیٹ فارم کے ساتھ کریڈٹ تقسیم کرنے کے لیے معاہدہ کیا ہے۔

COVID-19 مالی لاگتوں کا ٹیکس کریڈٹ گورنر Hochul کے اس مشن کا حصہ ہے جو عالمی وباء سے متاثر چھوٹے کاروباری اداروں کی مدد کرتا ہے۔ گورنر Hochul کے پہلے بجٹ میں چھوٹے کاروباری اداروں کی بحالی کے لیے 1$ بلین سے زیادہ کا ہدف رکھا گیا ہے، جس میں 250$ ملین COVID-19 مالی لاگتوں کے ٹیکس کریڈٹ، 800$ ملین عالمی وباء کے چھوٹے کاروبار کی بحالی گرانٹ پروگرام اور ملک میں سب سے پہلے، 200$ ملین کے سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام شامل ہیں تاکہ ابتدائی مرحلے پر، مائیکرو اور چھوٹے کاروباروں کی مدد کی جائے جو COVID-19 عالمی وباء سے کچھ عرصہ پہلے یا اس کے دوران کھلے تھے۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ان کی اپنی کسی غلطی کے بغیر، ریاست بھر کے چھوٹے کاروباری اداروں کو عالمی وباء کے دوران بہت سے اخراجات کی ادائیگی کرنی پڑی جو اپنے ملازمین اور صارفین کو محفوظ رکھنے کے لیے ضروری تھے، لیکن نہ تو ان کی توقع کی گئی تھی اور نہ ہی ان کے لیے بجٹ رکھا گیا تھا۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، COVID-19 مالی لاگتوں کا ٹیکس کریڈٹ پروگرام اس بوجھ کو کم کرنے میں مدد کرے گا جو کاروباری برادری پر عالمی وباء کے دوران پڑا تھا اور انہیں مستقل طور پر اپنے پیروں پر کھڑا ہونے میں مدد ملے گی"۔

چھوٹے کاروباری اداروں کے لیے ریاستی امداد کو بڑھانے کے لیے گورنر Hochul کے پہلے ایگزیکٹو بجٹ کے جزو کے طور پر اعلان کردہ، اور بعد ازاں مالی سال 23 کے نافذ کردہ بجٹ میں شامل کردہ، اس نئے قابلِ واپسی ٹیکس ریلیف پروگرام کا ہدف سنہ 2021 اور 2022 کے دوران متعدی مرض کے خاتمے کے لیے COVID-19 سے متعلقہ اخراجات ہیں۔ COVID-19 سے متعلقہ اہل اخراجات میں شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں ہیں:

- COVID-19 کی جراثیم کشی یا اس کے پھیلاؤ سے حفاظت کے لیے سامان
- سماجی فاصلے کو برقرار رکھنے کے لیے جگہ کی توسیع یا وضاحت سے وابستہ اخراجات
- HVAC کا سامان
- بیرونی سرگرمیوں میں اضافے اور بیرونی جگہ کی توسیع سے متعلق اخراجات
- بنا چھوئے فروخت کی سہولت کے لیے مشینری اور سامان

ٹیکس کریڈٹس 50 فیصد اہل اخراجات کا احاطہ کریں گے، 50,000$ تک، زیادہ سے زیادہ 25,000$ کے ٹیکس کریڈٹ ایوارڈ کے لیے، اور کریڈٹس پہلے آئیے پہلے پائیں کی بنیاد پر دیئے جائیں گے جب تک کہ پروگرام کے فنڈز ختم نہ ہو جائیں۔ اہل کاروباری اداروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ ریاست نیو یارک میں کسی مقام سے چلائے جاتے ہوں، ان کے 100 یا اس سے کم ملازمین ہوں، سنہ 2021 کے ٹیکس سال میں 2.5$ ملین یا اس سے کم کی مجموعی رسیدیں، اور یکم جنوری 2021 اور 31 دسمبر 2022 کے درمیان کم از کم 2,000$ کے اہل اخراجات ہوں۔

درخواستیں 31 مارچ 2023 تک قبول کی جائیں گی۔ اپنی سنہ 2022 کی ٹیکس ریٹرن کے لیے ٹیکس کریڈٹ کا دعوی کرنے کے لیے، کاروباری اداروں کو 31 دسمبر 2022 کو یا اس سے پہلے ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) سے ٹیکس کریڈٹ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے جلد ہی درخواست دینی ہو گی۔ یکم جنوری 2023 کو یا اس کے بعد جاری کردہ ٹیکس کریڈٹس کا دعویٰ کاروبار کی سنہ 2023 کی ٹیکس ریٹرن پر کیا جا سکتا ہے۔ اہلیت اور اہل اخراجات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، www.esd.ny.gov/covid-19-capital-costs-tax-credit ملاحظہ کریں۔ ESD نے کاروباری اداروں

درخواستوں کی جانچ پڑتال، اخراجات کی توثیق اور پروگرام کے لیے FORWARD پلیٹ فارم کے ساتھ کریڈٹ تقسیم کرنے کے لیے معاہدہ کیا ہے۔

COVID-19 مالی لاگتوں کا ٹیکس کریڈٹ گورنر Hochul کے اس مشن کا حصہ ہے جو عالمی وباء سے متاثر چھوٹے کاروباری اداروں کی مدد کرتا ہے۔ گورنر Hochul کے پہلے بجٹ میں چھوٹے کاروباری اداروں کی بحالی کے لیے 1$ بلین سے زیادہ کا ہدف رکھا گیا ہے، جس میں 250$ ملین COVID-19 مالی لاگتوں کے ٹیکس کریڈٹ، 800$ ملین عالمی وباء کے چھوٹے کاروبار کی بحالی گرانٹ پروگرام اور ملک میں سب سے پہلے، 200$ ملین کے سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام شامل ہیں تاکہ ابتدائی مرحلے پر، مائیکرو اور چھوٹے کاروباروں کی مدد کی جائے جو COVID-19 عالمی وباء سے کچھ عرصہ پہلے یا اس کے دوران کھلے تھے۔

**ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا،** "چھوٹے کاروباری اداروں کو عالمی وباء کے دوران بحفاظت دوبارہ کھولنے کے لیے اہم اخراجات اٹھانے پڑے، اور ان اخراجات کے بڑھتے رہنے کے ساتھ، انہیں ہماری مدد کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ مجھے COVID-19 مالی لاگتوں کے ٹیکس کریڈٹ پروگرام کی کفالت کرنے پر فخر ہے، جس سے چھوٹے کاروباری مالکان کو محفوظ رہنے اور کاروبار کھلے رکھنے کے لیے اٹھائے جانے والے مالی اثرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی، اور میں ہر چھوٹے کاروباری مالک کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ یہ معلوم کرے کہ آیا وہ اہل ہیں یا نہیں۔ بغیر کسی تاخیر کے امداد کے لیے درخواست دیں"۔

**رکنِ اسمبلی Al Stirpe نے کہا،** "اسمبلی کے چھوٹے کاروباری اداروں کی کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر، مقامی کاروباری اداروں کی ہر ممکن مدد کرنا میری ترجیح ہے کیونکہ میں جانتا ہوں کہ روشنیوں کو روشن رکھنے کے لیے دن رات لگن ضروری ہے۔ ریاست نیو یارک میں چھوٹے کاروبار تمام کاروباروں کا 98 فیصد حصہ ہیں اور ان مالکان نے 53 فیصد افرادی قوت کو ملازمتیں دی ہوئی ہیں۔ وہ ہمارے اقتصادی انجن کے لیے ایندھن ہیں اور ہم پر لازم ہے کہ ان کی معاونت جاری رکھیں، کیونکہ غیر متوقع حفاظتی اخراجات، جن میں بیرونِ خانہ خدمات پیش کرنے کے علاقوں سے لے کر نئے HVAC نظاموں تک سب کچھ شامل ہے، کے طور پر انہیں سخت نقصان پہنچا ہے۔ چونکہ انہوں نے ہمارے علاقوں کی خدمت کے لیے قربانیاں دی ہیں ہم پر لازم ہے کہ عالمی وباء سے مکمل بحالی کے لیے ان کی مدد کریں۔ COVID-19 مالی لاگتوں کے ٹیکس کریڈٹ پروگرام کی درخواستوں کا آغاز وہ تعاون ہے جس کی توقع چھوٹے کاروباری مالکان کو ریاست نیو یارک سے ہے۔ آئیے سب واپس کام پر لگ جائیں**!**"

**FORWARD پلیٹ فارم کے بارے میں**

FORWARD پلیٹ فارم پورے امریکہ میں ریاستی اور مقامی حکومتوں کے لیے ایک معروف جامع مربوط پروگرام انتظام (Integrated Program Administration, IPA) حل ہے۔ FORWARD تمام ضروری خدمات، اجزاء، لوگوں اور ٹیکنالوجی کو ایک واحد، ہموار، محفوظ حل میں ضم کر کے پروگراموں کے انتظام کے لیے حکومت کے طریقۂ کار کو جدید بناتا ہے۔ پس منظر میں درخواست کو ترتیب دینے سے لے کر، عوام سے رابطے، مارکیٹنگ، متعدد زبانوں میں معاونت، اہلیت کی جانچ پڑتال، فراڈ کا پتہ لگانے اور تقسیم کرنے سے لے کر رپورٹنگ تک۔ FORWARD پلیٹ فارم وسائل کو پہلے سے کہیں زیادہ تیزی سے تقسیم کرتا ہے جبکہ فضلے، دھوکہ دہی اور انتظامی اخراجات کو بھی کم کرتا ہے۔ FORWARD نے پہلے ہی حکومتوں کو گھرانوں اور کاروباروں تک فوری، سستے اور محفوظ طریقے سے وسائل حاصل کرنے کے لیے درجنوں پروگراموں کے انتظام میں مدد کی ہے۔ مزید جاننے کے لیے [www.forwardplatform.com](http://www.forwardplatform.com) ملاحظہ کریں۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں**

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (ESD) نیویارک کی سربراہ اقتصادی ترقیاتی ایجنسی ہے۔ ESD کا مشن یہ ہے کہ ایک مضبوط اور پھلنے پھولنے والی معیشت کو فروغ دیا جائے، نئی نوکریاں اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لئے ریوینیوز کو بڑھایا جائے، اور مستحکم اور متنوع مقامی اقتصادیات حاصل کی جائیں۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی

کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD بھی ایک بنیادی انتظامی ایجنسی ہے جو نیویارک کی ریاست کی علاقائی اقتصادی ترقی کی کاؤنسلز اور ریاست کے مثالی سیاحتی برانڈ "I LOVE NY"، کی تشہیر کی نگرانی کرتی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418